© rasailojaraid.com



# تبصرے

**The Pakistan Issue** مرتبہ نذیر یار جنگ بہادر تقطیع متوسط ضخامت ۲۵۹ صفحات ٹائپ جلی اور روشن۔ گرد پوش خوبصورت۔ قیمت ہے ۱۲ر پتہ :۔ شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور۔

یہ دراصل اس خط وکتابت کا مجموعہ ہے جو پاکستان کے سلسلہ میں ڈاکٹر سید عبداللطیف اور مولانا ابوالکلام آزاد۔ پنڈت جواہر لال نہرو۔ گاندھی جی۔ مسز نیڈو۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد، اور مسٹر محمد علی جناح کے درمیان ہوئی۔ اگرچہ اس کتاب کو پڑھکر پاکستان کے متعلق کوئی صحیح تخیل تو پھر بھی قائم نہیں ہوتا۔ البتہ ایک سیاسیات کے طالب علم کے لئے اس کتاب کا مطالعہ اس حیثیت سے مفید اور کار آمد ہوگا کہ اس سے پاکستان کا ابتدائی تخیل، پھر درجہ بدرجہ اس کا ارتقاء، اور اس کے مختلف گوشے سامنے آجاتے ہیں۔ اور ان پر غور کرنے کا موقع ملتا ہے۔ ڈاکٹر عبداللطیف، جہاں تک کہ پاکستان کے اجمالی تصور کا تعلق ہے، مسٹر جناح سے متفق ہیں۔ بلکہ ان کا دعویٰ تو یہ ہے کہ وہ ہی اس کے بانی بھی ہیں۔ لیکن جزئی تفصیلات و تنقیحات میں دونوں میں بہت کافی اختلاف ہے جو بڑھتے بڑھتے آخرکار ڈاکٹر صاحب کی مایوسی اور ناکامی پر منتج ہوا۔ کتاب دلچسپ اور لائق مطالعہ ہے۔

**The Meaning of Pakistan.** از جناب ایف۔ کے خاں درانی۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۲۲۷ صفحات۔ ٹائپ جلی اور روشن۔ قیمت ہے ۱۲ر پتہ :۔ شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور۔

آج پاکستان کی پکار سے ہندوستان کا گوشہ گوشہ گونج رہا ہے لیکن اگر یہ دریافت کیا جائے کہ پاکستان ہے کیا؟ اس کی عملی شکل کیا ہوگی؟ تو اس سوال کا جواب دینے کی ہمت



© rasailojaraid.com